© rasailojaraid.com

# مسافرین آخرت

* ممتاز خطیب و مبلغ مولانا قاری محمد حنیف ملتانی۔ عید الاضحیٰ کے روز ملتان میں رحلت فرما گئے۔ وہ کئی ماہ سے شدید علیل تھے اور مختلف عوارض میں مبتلا تھے۔ وہ تمام عمر تبلیغ اسلام میں سرگرم رہے اور ان کی تقریروں سے بے شمار لوگوں کو ہدایت ملی۔ واعظین کی جماعت میں وہ ایک منفرد شخصیت اور اسلوب کے مالک تھے۔

* جامع مسجد چیچاوطنی کے خطیب حافظ عبدالواحد صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

* مجلس احرار اسلام گوجرانوالہ کے سرگرم کارکن محترم سعید بٹ صاحب ۳۱ مئی کو انتقال کر گئے۔ وہ ایک محنتی کارکن اور مخلص انسان تھے۔

- ملتان سے ہمارے کرم فرما محترم شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی کے ماموں ڈاکٹر عبدالرحیم (صدیقی) ۳۰ مئی کو شکر گڑھ ضلع نارووال میں انتقال کر گئے۔ وہ مجلس تحفظ ختم نبوت کے مبلغ اور ایک سچے مسلمان تھے۔ گزشتہ دنوں ان پر فالج کا حملہ ہوا اور دو روز بعد انتقال کر گئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی لغزشوں کو معاف کرے اور حسنات قبول فرما کر مغفرت کا معاملہ فرمائے۔
- چیچاوطنی میں ہمارے مہربان رائے نیاز احمد صاحب کے جواں سال فرزند بھائی احمد عثمان خان گزشتہ دنوں کویت میں ٹریفک کے ایک حادثہ میں جاں بحق ہو گئے۔
- ملتان سے ہمارے رفیق فکر برادرم عزیز الرحمٰن سندھو کی پھوپھی صاحبہ گزشتہ دنوں رحلت فرما گئیں۔
- مدرسہ اسلامیہ فاروقیہ ملتان کے مہتمم اور تنظیم اہل سنت کے رہنما حضرت مولانا غلام قادر ۳ محرم کو طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ وہ حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمہ اللہ کے خلیفہ مجاز تھے۔ تمام عمر تبلیغ اسلام میں بتا دی۔ مولانا ایک سادہ اور درویش منش انسان تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی لغزشوں کو معاف فرمائے اور ان کی مغفرت فرما کر درجات بلند فرمائے۔ لواحقین و پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے آمین۔

© rasailojaraid.com